**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

17 مئی 2024ء

# پریس ریلیز

## اہلِ آزاد کشمیر کو وعدے اور معاہدے کے مطابق تمام حقوق دیے جائیں۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** اہلِ آزاد کشمیر کو وعدے اور معاہدے کے مطابق تمام حقوق دیئے جائیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے وفاقی حکومت کی جانب سے آٹے اور بجلی کی قیمتوں کے حوالے سے آزاد کشمیر کے ساتھ کیے گئے وعدہ کی خلاف ورزی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب کشمیری بھائیوں کے ساتھ یہ معاہدہ ایک عرصہ سے چلا آرہا تھا کہ بجلی کے فی یونٹ نرخ لاگت سے زیادہ نہیں ہوں گے اور آٹا بھی رعایتی نرخوں پر فراہم کیا جائے گا تو پھر آئی ایم ایف کے دباؤ پر قیمتیں بڑھا کر وعدے اور معاہدے کی خلاف ورزی کیوں کی گئی۔ حقیقت یہ ہے کہ قائدا عظم نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا۔ پاکستان میں بہنے والے تمام بڑے دریاؤں کا نقطہ آغاز کشمیر ہے لہٰذا اہلِ آزاد کشمیر کا سستی بجلی کا مطالبہ جائز ہے۔ پھر یہ کہ مسلمانانِ کشمیر نے پاکستان کی بقاء اور سلامتی کے لیے بڑی قربانیاں دی ہیں لہٰذا کشمیری عوام کے ساتھ خصوصی شفقت کا معاملہ کرنا وفاقی حکومت پر قرض ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ مظاہرین اور حکومت کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوگئے اور حکومت نے آزاد کشمیر میں آٹے اور بجلی کے نرخوں کے حوالے سے پرانے معاہدہ کے مطابق مراعات بحال کر دیں جس سے ملک ایک بڑے بحران سے بچ گیا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ معاہدے کے بعد رینجرز کس کے کہنے پر بھجوائی گئی اور کون امن کی کوششوں کو سبوتاژ کر رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امریکہ اور بھارت ہمہ وقت پاکستان کی سلامتی کے خلاف محاذ کھولے رکھتے ہیں۔ 5 اگست 2019ء کو مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے خلاف شب خون مارنے کے بعد سے بھارت کئی ایسے عملی اقدامات اُٹھا چکا ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ آزاد کشمیر پر جارحیت کا ارادہ رکھتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتِ پاکستان اور ریاستی ادارے صورتِ حال کی سنگینی کا پوری طرح ادراک کریں اور آزاد کشمیر کے ساتھ ساتھ ملک کے وہ تمام علاقے جنہیں پون صدی سے جائز حقوق سے محروم رکھا گیا ہے اور ماضی میں اُن علاقوں کے عوام سے زیادتیاں کی گئیں، اُن تمام زیادتیوں کا بھرپور ازالہ کیا جائے۔ عوام کے خلاف پُر تشدد کاروائیوں اور غیر آئینی و غیر قانونی پکڑ دھکڑ سے مکمل اجتناب کیا جائے۔ شہریوں کے خلاف بِلاجواز طاقت کا استعمال کرنے کے ذمہ داروں کے خلاف تادیبی کاروائی کر کے اُنہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔ درحقیقت پون صدی سے اشرافیہ پوری قوت کے ساتھ وسائل کے لوٹ کھسوٹ اور کرپشن میں مصروف ہے اور بے دردی سے عوام کا خون چوس رہی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کرپشن میں ملوث اشرافیہ کو آہنی گرفت میں لیا جائے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے۔ ملک کے معاشی نظام کو اسلامی تعلیمات کے عین مطابق ڈھالا جائے تاکہ ملک کے طول و عرض میں معاشی عدل بھی قائم ہو اور ملک کو معاشی خوشحالی اور ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

**جاری کردہ**
**خورشید انجم**
**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

تنظیم اسلامی کا پیغام | خلافتِ راشدہ کا نظام

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ | امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

# Tanzeem-e-Islami

**<u>PRESS RELEASE</u>: Friday 17 May 2024**

**(<u>Shujauddin Shaikh</u>)**

## Lahore (PR): "The people of Azad Kashmir should be granted all rights according to the promises and agreements made with them."

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. While expressing concern over the violation of the promise made with Azad Kashmir regarding the prices of flour and electricity, the Ameer said that when this agreement had been going on with our Kashmiri brethren for a while, that electricity unit rates would not exceed the cost price and flour would also be provided at subsidized rates, then why were prices increased under pressure from the IMF, violating the promise and agreement? The reality is that the Quaid-e-Azam had designated Kashmir as the jugular vein of Pakistan. Kashmir is the starting point of all major rivers flowing into Pakistan, so the demand of Kashmiris for cheap electricity is legitimate. Moreover, Muslims of Azad Kashmir have made great sacrifices for the security of Pakistan, so it is the federal government's responsibility to show special concern for the Kashmiri people. The Ameer said that thankfully negotiations between the protesters and the government were successful, and the government has reinstated subsidies in accordance with the agreement regarding flour and electricity rates in Azad Kashmir, saving the country from a major crisis. However, the question remains that who ordered rangers to storm Azad Kashmir even after the government and protestors had reached an agreement, potentially sabotaging the security situation. The fact is that America and India are always conspiring against Pakistan's security. Since the brutal oppression of Muslims in Occupied Kashmir on 5 August 2019, India has taken several aggressive actions that clearly show its intentions of hostility towards Azad Kashmir, too. It is necessary for the government of Pakistan and state institutions to fully realize the severity of the situation and compensate for all the injustices done in the past in those areas, including Azad Kashmir, that have been deprived of their due rights for decades. Complete due restraint should be exercised by state institutions when dealing with legitimately aggrieved protestors and no such action should be taken against the general public that is unconstitutional and illegal. Those responsible for using excessive force against civilians should be taken to task, exactingly. In reality, the elite have been busy looting and plundering the resources of the nation with full force for 76 years, sucking the blood of the people mercilessly. It is necessary to take the corrupt elite by the collar and provide maximum relief to the public. It is imperative to structure the country's economic system according to Islamic teachings so that economic justice is established throughout the country, and the country can move towards economic prosperity and development for everyone.

**Issued by:**
**Khursheed Anjum**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**
**Tanzeem e Islami Pakistan**